لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رمضان المبارک سنہ ۱۳۳۸ھ مطابق ۳۱ مئی سنہ ۱۹۲۰ء	جلد ۳۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت فروخت گوشت گاؤ بر مکانات حرام چینگیان	۱
۲	ترقی سید محمد داؤد و اضافہ اجلاس اجلاس ہمایون	۲
۳	رخصت ذاکر کمیری	۲
۴	رخصت نائب محکمہ فرصد	۲
۵	نقشہ نرخ غلہ اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

استدعائے سند رجوع عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔ بغرض کارروائی ضابطہ واپس ہو۔

اعلیحضرت بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض ... میر سامانی

جناب عالی

بملاحظہ تحریر میونسپل افسر صاحب واضح ہوا کہ قلت گوشت گاؤ کی یہ وجہ ہے کہ گائے لانے والے قصابان نے ایک کمیٹی بنا رکھی ہے۔ شہر کے اکثر جرائم پیشہ اشخاص قصابان سے میل رکھتے ہیں۔ اور میل کرکے تقریب کے حیلہ سے گوشت لیجاتے ہیں اور نرخ مقررہ سے زائد نرخ پر مکانوں میں رکھکر فروخت کرتے ہیں۔ لہذا عرضداشت ہذا اجلاس ہمایون میں پیش کیجاتی ہے اور گزارش ہے کہ پیشگاہ عالی سے یہ حکم صادر اور مشتہر فرمایا جائے کہ کوئی قصاب تقریب کے حیلہ سے اگر گوشت گاؤ مکان پر لیجاکر فروخت کریگا تو وہ مرتکب دفعہ ۱۸۸ تعزیرات ہند کا ہوگا۔ اس حکم کے صادر ہونے سے یہ مقصود نہیں ہے کہ جو قصابان واقعی تقریب شادی میں گوشت گاؤ مکان پر لیجاکر دیں انکو دق اور پریشان کیا جائے۔ دولت واقبال جاوید باد۔

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

بر سبیل ہذا خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے لکھا جائے کہ حسب منشاء حکم اجلاس ہمایون باواز دہل منادی کرادیجائے کہ کوئی قصاب تقریب کے حیلہ سے اگر گوشت گاؤ مکان پر لیجاکر فروخت کریگا تو وہ مرتکب دفعہ ۱۸۸ تعزیرات ہند کا ہوگا۔ اور ایک نقل عرضداشت مع نقل حکم اجلاس ہمایون برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور ایک نقل فائل بک اجلاس ہمایون چسپان کیجائے۔ اور میونسپل افسر صاحب قصابان کو مضمون حکم سے سمجھا دیں۔

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ جات

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب چٹھی آفس میمو مرتبہ صاحب چیف سکریٹری بہادر و میر منشی صاحب اجلاس ہمایون سید محمود داؤد اہلمد مشاہرہ دار (۲۵) پچیس روپیہ ماہوار کو تخفیفاً او غیر حاضر ہونے کی وجہ سے ملازمت سے سبکدوش کیا گیا۔ اور اُسکا کام دیگر اہلمدان پر تقسیم کیا گیا بجائے اُنکے کسی دوسرے شخص کی تقرر کی ضرورت نہیں ہے منجملہ بچت تنخواہ مذکور مبلغ (۲۰) بیس روپیہ ماہوار اضافہ مصرحۂ تحت یکم جون سنہ ۱۹۲۰ء سے منظور فرمایا گیا۔

منشی رشید علیخان پیشکار صاحب چیف سکریٹری بہادر مشاہرہ دار عہ کو عہ اضافہ

سید اکرم علی اہلمد اجلاس ہمایون مشاہرہ دار (۲۵) پچیس روپیہ کو عہ اضافہ

منشی ابن حسن اہلمد اجلاس ہمایون مشاہرہ دار عہ کو عہ اضافہ

منشی محفوظ علیخان اہلمد اجلاس ہمایون عہ اضافہ

منشی موہن لال اہلمد اجلاس ہمایون عہ اضافہ

کل عہ

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

بملاحظہ تحریر اسسٹنٹ سرجن صاحب۔ رخصت رعایتی یکماہ سید وصی الحسن ڈاکٹر کمپونڈر منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں کمپونڈر سعید شفاخانہ کمیری رخصتی کا کام انجام دیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر۔ رخصت یکماہ معلومہ صاحبزادہ سید وصی علیخان نائب محافظ دفتر صدر بوجہ علالت بغرض روانگی کوہ بھوالی ۱۹ مئی سنہ رواں سے منظور کی گئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۴ لغایتہ ۳۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سار ۶ ۰ سار			۷ سار		۷ ۰ سار	
نخود خالص	۷ سار			۷ ۰ سار		۷ ۰ سار	
نخود کسہ آمیز	۷ سار			۹ ۰ سار		۷ ۰ سار	
کسہ	۹ ۰ سار			۸ سار		۷ سار	
ماش	۴ سار ۴ سار			۴ ۰ سار		۵ سار	
مونگ	۴ سار ۴ سار			•		۴ سار	
مکا	۱۰ ۰ سار			۱۲ سار		۱۲ سار	
جئی	×			۱۲ سار		۱۰ ۰ سار	
گوجئی	۷ ۰ سار			۱۰ سار		۹ سار	
مسور	۶ ۰ سار			۷ سار		۷ سار	
ارہر	۷ سار			۸ سار		۷ ۰ سار	
برنج	بختہ ۳ ۰ سار جنگی ۴ سار			۳ ۰ سار		۳ ۰ سار	
روغن زرد	۵ چھٹانک ۵ چھٹانک			۔ سار		۔ سار	
روغن سیاہ	۱ سار			۱ سار		۱ سار	
روغن کنجد	۔ سار			•		۔ سار	
نمک سانبھر	۱۱ سار			۸ ۰ سار		۱۱ سار	
نمک لاہوری	۷ سار			•		۷ سار	
قند سیاہ	۵ سار			۵ ۰ سار		۵ سار	
باجرہ	۸ سار			•		×	